Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

(۱) نمبر کے مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۲۸ رمضان المبارک ۱۳۵۳ھ مطابق ۵ جنوری ۱۹۳۵ء (جلد ۳۰)

حصہ اول

حکم اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	واپسی خدمات خان بہادر سید ابو محمد صاحب بہادر ریونیو منسٹر	۲	

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

حکم اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم

روبکار :- واقع ۴ / جنوری ۱۹۳۵ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم)

خان بہادر سید ابو محمد صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی خدمات گورنمنٹ یو۔پی سے مستعار لی گئی تھیں۔ بوم ۳ / جنوری ۱۹۳۵ء سے واپس کی جاتی ہیں۔ خان بہادر سید ابو محمد صاحب نے بزمانہ ملازمت ریاست جس عمدگی اور خوش اسلوبی سے اپنا مفوضہ کام انجام دیا۔ ما بدولت واقبال اسکا اعتراف فرماتے ہیں۔ صیغہ مال کا کام تا صدور حکم ثانی صاحب ریونیو سکریٹری بہادر زیر نگرانی صاحب چیف منسٹر بہادر انجام دیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اصل روبکار بعد اجرائے احکام دار الانشاء کی فائل میں رکھا جاوے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

حکم :- واقع ۸ / جنوری ۱۹۳۵ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم)

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ لفٹنٹ عبد الغنی خان معطل ڈیوڑھی کا سلسلۂ ملازمت ۱۴ / دسمبر ۱۸۹۵ء یوم تقرر ابتدائی سے برقرار رکھا جانا منظور ہے۔ ایام علیحدگی کی تنخواہ نہیں ملیگی۔ حکم ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی صاحب آرمی منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

منسلکہ کاغذات معہ ورود ۸ / جنوری ۱۹۳۵ء بغرض اجرائے احکام نسبت برقرار رکھے جانے سلسلۂ ملازمت سابقہ لفٹنٹ عبد الغنی خانصاحب معطل ڈیوڑھی بخدمت صاحب ڈپٹی سکریٹری سررشتہ صدر مرسل ہوں۔ ایک ایک نقل کمانڈنگ افسران فوج وجیف صاحب فنانس سکریٹری بہادر کی خدمت میں ولفٹنٹ عبد الغنی خانصاحب کے پاس وآرمی ہیڈکوارٹرز میں اور مطبع کو بھی مرسل ہو۔ گر قبل روانگی شیٹ رول منسلکہ چھوڑ کر دفتر میں رکھا جاوے۔

۱۲ / جنوری ۱۹۳۵ء — دستخط صاحب کرنل آرمی منسٹر بہادر

(موصولہ ۹ / جنوری ۱۹۳۵ء بعد طباعت گزٹ)